صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

ہفتہ 12 مارچ 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 12 مارچ 2016ء 2 جمادی الثانی 1437 ہجری 12۔امان 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 60

وصل حبیب

عاشقو! دیکھ چکے عشق مجازی کے کمال
اب مرے یار سے بھی دل کو لگا دیکھو تو
ہے کبھی رویت دلدار کبھی وصلِ حبیب
کیسی عشاق کی ہے صبح و مسا دیکھو تو
چاروں اطراف میں مجنوں ہی نظر آتے ہیں
نہ ہوا ہو وہ کہیں جلوہ نما دیکھو تو

(حضرت مصلح موعود)

اخلاق عالیہ صحابہؓ کرام حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

جاہلیت کی ایک بدرسم لڑکیوں کو زندہ درگور کرنا تھی۔ حضرت سعیدؓ بن زید نے اسلام سے قبل ان معصوم بچیوں کے حق میں آواز بلند کی۔ آپ ایسی بچیوں کی کفالت اپنے ذمہ میں لے کر ان کی جان کے لئے امان مہیا کیا کرتے تھے۔ بچی کے جوان ہونے پر والدین سے کہتے کہ چاہو تو تمہیں واپس کردیتا ہوں کہو تو اس کے سارے انتظام (شادی بیاہ وغیرہ) خود کرتا ہوں۔ (ابن سعد جلد3 ص381)

حضرت سعیدؓ بن زید ایسے مؤحد انسان کی اولاد تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے توحید کی آواز بلند کی تو حضرت سعیدؓ اوّلین لبیک کہنے والوں میں سے ہوئے۔ ان کی بیوی فاطمہؓ جو حضرت عمرؓ کی سگی بہن تھیں ساتھ ہی مسلمان ہوگئیں۔ حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی تو سخت ردعمل دکھایا انہیں قیدوبند کی صعوبت دی۔ (بخاری کتاب المناقب باب اسلام سعیدؓ بن زید)

حضرت عمرؓ ایک دفعہ غصے میں حضرت سعیدؓ کے پاس پہنچے اور مار مار کر لہولہان کردیا۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا اے عمر جو چاہو کرلو اب اس دل سے اسلام تو نہیں نکل سکتا۔ زخمی ہوکر ان کے پائے ثبات میں کوئی لغزش نہ دیکھ کر حضرت عمرؓ کا دل پسیجا اور انہوں نے وہ کلام سننے کی خواہش کی جو یہ دونوں پڑھ رہے تھے۔ کلام پاک کی عظمت وشوکت کا ایسا اثر ہوا کہ حضرت عمرؓ کی کایا پلٹ گئی۔ اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلام قبول کرلیا۔ (ابن سعد جلد3 ص268)

حضرت سعیدؓ ابتدائی مہاجرین کے ساتھ مدینہ پہنچے رسول اللہ ﷺ نے حضرت رافع بن مالک انصاریؓ کے ساتھ ان کی مؤاخات قائم فرمائی۔

2 ہجری میں حضرت سعیدؓ اور حضرت طلحہؓ کو آنحضرت ﷺ نے ایک مہم کے سلسلے میں شام کی طرف بھجوایا۔ ان کا مقصد قریش کے تجارتی قافلے کے بارے میں معلومات حاصل کرنا تھیں۔ اس مہم سے واپسی تک غزوہ بدر کا معرکہ سر ہوچکا تھا۔ رسول اللہ ﷺ فتح کے ساتھ بدر سے واپس لوٹ رہے تھے۔ حضرت سعیدؓ کو چونکہ دینی خدمت پر مامور ہونے کے باعث بدر کی شرکت سے محروم رہنا پڑا تھا اس لئے آنحضرت ﷺ نے انہیں بدر کی غنیمت سے حصہ عطا فرمایا اور جہاد کے ثواب کی نوید بھی سنائی۔ حضرت سعیدؓ کو تمام غزوات میں آنحضرت ﷺ کے ہمرکاب رہنے کی توفیق نصیب ہوئی۔ (الاصابہ جز 3 ص 97)

حضرت سعیدؓ بن زید حق گو اور بے باک تھے۔ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ امیر معاویہؓ کی طرف سے کوفہ کے گورنر تھے۔ ایک روز وہ جامع مسجد میں تشریف فرما تھے کہ حضرت سعیدؓ تشریف لائے۔ انہوں نے نہایت عزت وتکریم کے ساتھ ان کا استقبال کیا اور اپنے پاس بٹھایا۔ دریں اثناء اہل کوفہ میں سے ایک شخص آیا اور حضرت علیؓ کو برا بھلا کہنا شروع کردیا۔ حضرت سعیدؓ اس پر سخت ناراض ہوئے اور کہا کہ میں نے رسول کریمؐ کو فرماتے سنا کہ نبی کریمؐ، ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر بن العوام، سعد بن ابی وقاص اور عبدالرحمان بن عوف جنت میں ہوں گے اور اگر میں چاہتا تو دسویں کا بھی نام لے دیتا۔ پوچھا گیا وہ کون ہے آپ خاموش رہے پھر پوچھا گیا تو کہا میں یعنی سعید بن زید۔ پھر کہنے لگے ان میں سے کسی ایک شخص کا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی غزوہ میں شامل ہونا تمہارے عمر بھر کے اعمال سے بہتر ہے خواہ تمہیں عمر نوحؑ عطا کی جائے۔

(ابوداؤد کتاب السنة باب فی الخلفاء)

بنی نوع انسان کے حقوق کی ادائیگی کے لحاظ سے بھی حضرت سعیدؓ اعلیٰ مقام پر تھے اور اکثر یہ حدیث سنایا کرتے تھے کہ سب سے بڑا سود یعنی حرام چیز مسلمان کی عزت پر ناحق حملہ ہے۔ اسی طرح بیان کیا کہ رِحم مادر کا لفظ اللہ کی صفت رحمان سے نکلا ہے جو قطع رحمی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کردیتا ہے۔ (مسند احمد جلد1 ص 190)

ایک اور روایت آپؓ سے مروی ہے کہ جو شخص اپنے مال وجان، اہل وعیال اور دین کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے۔

(مسند احمد جلد 1 ص 187)

میں حسن سلوک کروں گا

حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

حضرت خلیفة المسیح الاول فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھے ایک لڑکے کے بارے میں پتہ چلا کہ اس کا اپنی بیوی سے نیک سلوک نہیں ہے، بلکہ بڑی بداخلاقی سے پیش آتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ایک دن وہ مجھے راستے میں مل گیا، میں نے اس کو...... سمجھایا۔ وہ وہاں سے سیدھا اپنے گھر گیا اور اپنی بیوی کو کہا کہ تم جانتی ہو کہ مَیں نے تمہارے سے بڑا دشمنوں والا سلوک کیا ہے لیکن آج حضرت مولانا نورالدین صاحب نے میری آنکھیں کھول دی ہیں، میں اب تم سے حسن سلوک کروں گا۔ حضرت خلیفة المسیح الاول فرماتے ہیں کہ اس کے بعد سے اللہ تعالیٰ نے اس کو انعامات سے نوازا اور اس کے ہاں چار بڑے خوبصورت بیٹے پیدا ہوئے اور ہنسی خوشی رہنے لگے۔

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

نمایاں اعزاز

مکرم نعیم طاہر سون صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی دو چچا زاد بہنوں مکرمہ ضوفشاں سنبل صاحبہ واقفہ نو اور مکرمہ تہمینہ کنول صاحبہ واقفہ نو بچگان مکرم ڈاکٹر ادریس احمد سون صاحب بھماں ضلع لاہور نے ہجویری یونیورسٹی لاہور سے ڈاکٹر آف فارمیسی میں علی الترتیب پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ یونیورسٹی کے کانووکیشن منعقدہ 27 فروری 2016ء کو یونیورسٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شیخ آصف مشتاق صاحب نے گولڈ میڈل اور سلور میڈل دیا۔ دونوں بچیاں حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور حضرت بابو قریشی محمد عثمان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے، مکرم میاں سلطان احمد صاحب آف کلاسوالہ کی پوتیاں اور مکرم قریشی عطاء الرحمٰن صاحب آف کوئٹہ کی نواسیاں ہیں۔ احباب سے اس اعزاز کے مبارک اور مزید اعزازات کا پیش خیمہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ....مطبع: ضیاء الاسلام پریس ....مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مکرم عبدالستار خان صاحب

جماعت احمدیہ گوئٹے مالا کا 26واں جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ گوئٹے مالا سنٹرل امریکہ کو اپنا 26واں جلسہ سالانہ مورخہ 18 تا 20 دسمبر 2015ء کو بیت الاول میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت محترم سید عبداللہ شاہ صاحب مربی سلسلہ امریکہ کو اپنا نمائندہ مقرر فرمایا۔

جلسہ کا پہلا دن

18 دسمبر کو قبل از نماز جمعہ گوئٹے مالا کے نومبائعین کی تربیتی کلاس منعقد کی گئی۔

خطبہ جمعہ محترم سید عبداللہ شاہ صاحب نے پڑھایا۔ اور نماز جمعہ وعصر کی ادائیگی کے بعد کھانے کا وقفہ تھا۔

ساڑھے 3 بجے سہ پہر پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی نے لوائے احمدیت اور خاکسار نے ملکی پرچم لہرایا۔

جلسہ سالانہ کا باقاعدہ آغاز محترم مہمان خصوصی کی زیر صدارت تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ بعدازاں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا محبت بھرا پیغام سپینش زبان میں خاکسار نے پڑھ کر سنایا۔ جس کے بعد محترم صدر مجلس نے افتتاحی خطاب میں جلسہ سالانہ کی غرض وغایت بیان فرمائی۔

جلسہ کا دوسرا روز

دوسرے روز کے پہلے اجلاس کی کارروائی ساڑھے نو بجے تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوئی۔ جس کے بعد گوئٹے مالا کے نومبائع مکرم Domingo صاحب، میکسیکو کے مقامی نومبائعین مکرم مصطفیٰ صاحب اور مکرم سیڈی عمر صاحب نے باری باری قبول احمدیت کے ایمان افروز واقعات سنائے۔

کوسٹاریکا کے زیر دعوت دوست مکرم Francisco نے احمدیت کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ جماعت احمدیہ پُرامن جماعت ہے۔ جلسہ کے انتظامات اور ماحول سے بہت متاثر ہوں۔ ان کو بفضل اللہ تعالیٰ بعدازاں بیعت کی توفیق مل گئی۔

مکرم David Gomzal Ez جنرل سیکرٹری صاحب نے خلافت کی اہمیت و برکات نیز پانچوں خلفاء احمدیت کا تعارف کروایا۔ بعدازاں نمائندہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ''احمدیوں کی ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تقریر کی۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی اور دوپہر کے کھانے کے بعد اس دن کے دوسرے سیشن کی کارروائی بھی تلاوت قرآن پاک سے کی گئی۔ جس کے بعد خاکسار نے سیرۃ النبی ﷺ اور مکرم سید عبداللہ شاہ صاحب نے خلافت احمدیہ و تائیدات الٰہیہ پر تقریر کی۔ جس کے بعد مکرم Dario Samayoa صاحب صدر خدام الاحمدیہ نے عیسائیت و بائبل کی حقیقت پر تقریر کی۔

تیسرا اور آخری روز

مورخہ 20 دسمبر کو آخری روز کے اختتامی اجلاس کی کارروائی کا آغاز بھی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ اس اجلاس میں غیر مذاہب کے زیر دعوت احباب مدعو تھے۔

محترم Dario Samayoa صاحب صدر خدام الاحمدیہ نے جملہ حاضرین کو خوش آمدید کہا۔ بعدازاں خاکسار نے دنیا میں قیام امن سے متعلق آنحضرت ﷺ کی تعلیمات و اسوۂ حسنہ پیش کیا۔ مکرم David Gomzalez صاحب نے ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت خدمت انسانیت سے متعلق مختصر رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ دنیا کے 43 ممالک میں رجسٹرڈ ہو چکی ہے۔ صرف گوئٹے مالا میں گزشتہ 3 سالوں میں میڈیکل کیمپس کے ذریعہ قریباً 35 ہزار افراد کو مفت طبی سہولت مع ادویات مہیا کرچکی ہے۔ اسی طرح ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت کمپیوٹر اکیڈمی اور مسرور احمد سکول کے تحت سینکڑوں مستحق طلباء کو مفت تعلیمی سہولیات مہیا کر رہی ہے۔

ازاں بعد اس اجلاس کی آخری تقریر محترم نمائندہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی روشنی میں قیام امن کے موضوع پر کی۔ آخر پر حاضرین کو سوالات کا موقع دیا گیا۔

اجتماعی دعا پر جلسہ کا اختتام ہوا۔ جس کے بعد جملہ حاضرین کی کھانے سے تواضع کی گئی۔ جلسہ کی کل حاضری 125 تھی۔

جلسہ سے ایک روز قبل ہوٹل Holy In میں پریس کانفرنس منعقد کی گئی۔ جس میں نیشنل T.V اخبار LA Hora اور A.F.P کے نمائندہ نے شرکت کی۔ اسی روز رات کو خبروں کے بلٹن میں نیشنل T.V پر تفصیل سے اس پریس کانفرنس کو نشر کیا گیا کہ جماعت احمدیہ ایک پُرامن جماعت ہے اور ہر قسم کے تشدد کے خلاف ہے۔ اور ہر ملک میں اپنے وسائل کے مطابق امن کی تعلیمات پھیلانے میں کوشاں ہے۔

پریس کانفرنس میں اخباری نمائندوں کو ان کے سوالات کے جوابات مکرم سید عبداللہ شاہ صاحب مکرم David Gomzalez اور خاکسار نے دیئے۔ اخبار A Hora نے تصویر کے ساتھ نمایاں سرخی لگائی کہ ''دین حق کا تشدد سے کوئی تعلق نہیں۔''

جماعت احمدیہ گوئٹے مالا نے ایک پریس کانفرنس میں دین کے نام پر کئے جانے والی پرتشدد کارروائیوں کی بھرپور مذمت کی۔ نیشنل صدر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا نے بتایا کہ دین حق کا مطلب ہے ''امن وسلامتی، محبت پیار'' انہوں نے متشدد دینی تنظیم ISIS کی کارروائیوں کو خلاف دین قرار دیا اور کہا کہ اس تنظیم کو ظالمانہ اور پرتشدد کارروائیوں کی وجہ سے امن پسند لوگوں کو سخت دکھ اور تکلیف پہنچی ہے۔

نائب وزیر خارجہ سے ملاقات

مورخہ 17 دسمبر کو جماعت احمدیہ کے ایک وفد مشتمل بر مکرم سید عبداللہ شاہ صاحب، مکرم Dario Samayoa- David Gomzalez صاحب صدر خدام اور خاکسار نے گوئٹے مالا کے نائب وزیر خارجہ Oscar Adolfo Padilla سے ملاقات کر کے جماعت احمدیہ کا تعارف کروایا۔ دین حق کے بارے میں ان کی غلط فہمیاں دور کیں۔ نیز جماعتی کتب و لٹریچر تحفۃً پیش کیا۔ یہ ملاقات نصف گھنٹہ تک جاری رہی۔

دیگر برکات

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کے موقعہ پر Chiapa میکسیکو کی دو خواتین اور کوسٹاریکا کے ایک زیر دعوت دوست Francisco کو بیعت کرنے کی توفیق ملی۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں بیت الاول میں روزانہ نماز تہجد باجماعت ادا کی جاتی رہی۔ اور نماز فجر کے بعد درس قرآن، حدیث و ملفوظات دیا جاتا رہا۔

جلسہ کے ایام میں روزانہ قریباً 90 افراد کیلئے ناشتہ اور دو وقت کھانے کا انتظام کیا گیا۔ اور آخری روز 150 افراد کیلئے کھانا تیار کیا گیا۔ نومبائعین نے قریباً ہفتہ بھر یہاں قیام کیا۔ مشن ہاؤس میں 36 افراد اور قریبی ہوٹل میں 35 نومبائعین کی رہائش کا انتظام کیا گیا۔

جلسہ کے بعد پانامہ، کوسٹاریکا، میکسیکو اور Cobam کے نومبائعین جو 500 سے زائد کلومیٹر کا سفر کرکے آئے تھے۔ سب کو Antigua Guate اور شہر کی سیر و تفریح کروائی گئی۔

مہمانوں کے تاثرات

میکسیکو کے مہمانوں نے کہا کہ اس جلسہ میں شامل ہو کر ہمیں دین کا علم حاصل ہوا۔ بہت ہی روحانی ماحول میں دن گزارے۔ میکسیکو میں بھی اسی طرح کا جلسہ کریں گے۔ کوسٹاریکا کے مہمانوں نے کہا کہ ہم جلسہ کے انتظامات اور باہمی محبت واخوت سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ اور کوسٹاریکا میں احمدیت کا پیغام پہنچانے کی بھی بھرپور کوشش کریں گے۔

Cobam کے نومبائعین بیت الذکر سے قریبی ہوٹل میں قیام پذیر تھے۔ وہ روزانہ تہجد کی ادائیگی کے لئے بیت الذکر تشریف لاتے اور ان کے ساتھ جلسہ کے پروگرامز کے علاوہ بھی تربیتی مجلس منعقد ہوتی رہی۔

Domingo صاحب جو اپنے دیہاتی علاقہ کے جج بھی ہیں اور اس علاقہ میں احمدیت کا پیغام انہوں نے ہی سب سے پہلے قبول کیا۔ انہوں نے نہایت جذباتی انداز میں کہا کہ ہم اندھیروں میں تھے۔ احمدیت نے ہمیں دین حق کے نور سے منور کیا۔ ہم اس روشنی کو اپنے علاقہ میں بھرپور انداز میں پھیلانے کی سعی کریں گے۔

میکسیکو کے مہمان جب رخصت ہونے لگے تو فرط جذبات سے لگاتار آنسو بہا رہے تھے اور جلسہ میں شمولیت کو اپنے لئے باعث صد افتخار سمجھ رہے تھے۔ اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ یکم تا 9 دسمبر 2015ء میں جلسہ سے قبل Cobam کے نومبائعین کی تربیتی کلاس بیت الاول میں منعقد کی گئی جس میں 22 نومبائعین نے شرکت کی تھی۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جلسہ کے شاملین اور کارکنان جلسہ کو بے شمار برکات سے نوازے۔ اپنی رضا کی راہوں پر چلنے کی سعادت بخشے۔ آمین

گوئٹے مالا۔ وسطی امریکہ اور اس کا ماحول

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ سرینام

تاریخ احمدیت سرینام کے کچھ اوراق

(قسط دوم آخر)

مذہب کے بارے میں ایک انٹرویو

دسمبر 1978ء کے ابتدائی ایام میں (SIV) کے صدر محترم رشید پیر خان صاحب نے آپ کو فون پر بتایا کہ چند افراد نے مذہب کے بارے میں آٹھ سوال تیار کئے ہیں۔ایک پادری نے ان کے جواب دے دیئے ہیں، لیکن مجلس المسلمین ان کا جواب نہیں دینا چاہتی اور ہندوؤں نے بھی انکار کیا ہے۔آپ ان سوالات کا جواب دیں۔ چنانچہ معروف صحافی مسٹر نیکو واخ میسٹر ان سوالات کو لے کر دسمبر کے آخری ہفتے میں مشن ہاؤس تشریف لائے اور مولانا صدیق صاحب کا انٹرویو لیا۔ محترم مولانا صاحب نے ان سوالات کے مفصل اور مدلل جواب دیئے۔ نیز صحافی موصوف کو ڈچ ترجمے والا قرآن مجید اور دیگر جماعتی لٹریچر بھی دیا۔

یہ تفصیلی انٹرویو ہفتہ 13 جنوری 1979ء کو روزنامہ داوارٹیڈ (De Ware Tijd) میں مولانا صاحب کے درج ذیل تعارف کے ساتھ شائع ہوا: ''49 سالہ احمدی مشنری مولانا محمد صدیق 1973ء میں پاکستان سے گیانا آئے تھے۔ کچھ عرصہ وہاں کام کرنے کے بعد جون 75ء میں سرینام آئے آپ ایفرام ستجن وخ میں ایک سادہ سے گھر میں رہائش پذیر ہیں۔احمدیہ انٹرنیشنل مشنری سکول سے سات سالہ کورس مکمل کیا ہوا ہے۔اس جماعت کا ہیڈ کوارٹر ربوہ پاکستان میں ہے، آپ وہاں سے دین حق کی اشاعت کے لئے سرینام آئے ہوئے ہیں''۔اس انٹرویو کی عوام میں بہت پذیرائی ملی، اور لوگوں نے بہت اچھا تاثر لیا۔محترم مولانا صدیق صاحب کا یہ انٹرویو آپ کے دس سالہ قیام کے دوران شائع ہونے والی سب سے مفصل جماعتی خبر تھی۔

بیت النصر کی تعمیر

محترم مولانا محمد صدیق ننگلی صاحب کے نمایاں کاموں میں سرینام میں جماعت کی دوسری بیت الذکر کی تعمیر بھی شامل ہے۔اس بیت کے افتتاح کے موقعہ پر مورخہ 24 فروری 1984ء روزنامہ (De Ware Tijd)

''داوارٹیڈ'' نے صفحہ نمبر 14 پر حضرت مسیح موعود مربیان سلسلہ اور بیت الذکر کی نمایاں تصاویر کے ساتھ افتتاح کی خبر کو اس سرخی کے ساتھ شائع کیا: ''جماعت احمدیہ نے اپنی بیت الذکر ریکارڈ وقت میں مکمل کر لی''۔ گزشتہ اتوار کو علاقہ 'نیو ساروخ وخ' (Nieuwzorgweg) میں ایک بیت الذکر کا افتتاح ہوا، یہ بیت الذکر جماعت احمدیہ نے دن رات کام کر کے بہت کم وقت میں مکمل کر لی ہے۔ یہ بیت الذکر مین روڈ سے قریباً دو کلو میٹر دور ہے۔اس بیت الذکر کا سنگ بنیاد گزشتہ سال 25 دسمبر کو رکھا گیا تھا۔ یہ کام اس لئے بھی قابل تعریف ہے کہ بچے بوڑھے جوان اور خواتین سب نے اس کی تعمیر میں حصہ لیا، جس سے اجرت کا خرچ بچ گیا اور صرف میٹریل کا خرچ 15 ہزار گلڈرز ہوا ہے۔اگر صرف اس خرچ کو سامنے رکھتے ہوئے اس عمارت کو دیکھیں تو بہت حیرت ہوتی ہے، کیونکہ یہ عمارت اس سے کہیں زیادہ مہنگی ہے۔اس جماعت کی پہلی ایک بیت الذکر ایفرام ستجن وخ میں ہے، جو مرکزی بیت الذکر ہے۔اس جماعت کے نظام کو چلانے کے لئے ایک کل وقتی مربی موجود ہے جن کا نام محمد صدیق ہے، جو پاکستان واپس جا رہے ہیں اور نئے مربی محمد اشرف اسحاق ان کی جگہ آ چکے ہیں، جو آٹھ سال تنزانیہ اور کچھ عرصہ یوگنڈا میں کام کر چکے ہیں۔مولانا محمد صدیق 1975ء سے یہاں کام کر رہے تھے۔ جماعت احمدیہ (S.A.V.) کو دوسری جماعت (S.I.V) سے نہیں ملانا چاہیے۔ اگرچہ دونوں خود کو احمدی کہتے ہیں، مگر دونوں میں بڑا فرق ہے...... جماعت کی ایک خوبی یہ ہے کہ خواتین کو بیوت الذکر میں آنے سے نہیں روکتے، اسی لئے اس بیت الذکر میں بھی ایک پردہ لگایا گیا ہے تا کہ خواتین دوسری طرف نماز ادا کر سکیں۔ چار سال پہلے اس علاقے میں کوئی احمدی نہیں تھا، پھر یہاں ایک جماعت قائم ہوئی اور اب انہیں اپنی بیت الذکر بنانے کا موقعہ ملا ہے اور یہ اس چھوٹی سی جماعت کے لئے قابل فخر بات ہے۔افتتاح کے موقعہ پر بیت الذکر اور اس سے ملحقہ جگہ کو سجایا گیا۔ جماعت احمدیہ اور سرینام کا پرچم لگایا گیا تھا۔اس موقعہ پر ایک بک سٹال بھی لگایا گیا اور مہمانوں کے لئے ریفریشمنٹ کا انتظام بھی کیا گیا''۔

ملک کے صدر سے مربیان کی ملاقات

مولانا محمد صدیق صاحب کی وطن واپسی سے قبل ملک کے صدر سے ملاقات کی درخواست بھجوائی، جس کی منظوری کے بعد مورخہ 27 فروری 1984ء کو دونوں مربیان جماعتی وفد کے ساتھ جمہوریہ سرینام کے صدر مسٹر رام دت میسر سے ملنے ان کے آفس گئے، انہیں ڈچ ترجمہ والا قرآن مجید اور جماعتی لٹریچر پیش کیا۔مولانا محمد اشرف اسحٰق صاحب سے صدر نے تنزانیہ کے حالات پوچھے۔ اس طرح یہ ملاقات کامیابی کے ساتھ اختتام کو پہنچی۔ مورخہ 29 فروری کو ٹی وی چینل 8 (STVS) نے دو دفعہ اس ملاقات کے مناظر دکھائے اور اسی روز اخبار (De Ware Tijd) نے تصویر کے ساتھ تفصیلی طور پر اس ملاقات کی خبر شائع کی اور لکھا کہ: ''جماعت احمدیہ سرینام کے دو مربیان نے صدر (Mr.Fred Ramdat Misier) سے ملاقات کی۔دونوں مربیان تعلیم یافتہ پاکستانی ہیں۔مولانا صدیق اسلامیات اور عربی کے گریجوایٹ ہیں اور پاکستان میں اٹھارہ سال کام کرنے کے بعد گیانا آئے اور پھر سرینام ،اور اب جلد واپس پاکستان جانے والے ہیں، ان کی جگہ کام کرنے کے لئے مولانا محمد اشرف اسحٰق آئے ہیں۔ اس جماعت کی بنیاد 1889ء میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب مسیح موعود نے رکھی اور ان کی آمد کا اصل مقصد دنیا میں دین حق کی اشاعت ہے۔اس جماعت کے کئی سو مربیان ساری دنیا میں کام کر رہے ہیں اور اس جماعت کے پیروکاروں کی تعداد گیارہ ملین کے قریب ہے اور اس وقت حضرت مسیح موعود کے چوتھے خلیفہ حضرت مرزا طاہر احمد اس جماعت کے سربراہ ہیں۔ اس ملاقات میں جماعت کے صدر حسینی بدولہ اور سیکرٹری عبد المطلب محمود بھی موجود تھے''۔

اخبار کے لئے آخری انٹرویو

معروف صحافی مسٹر نیکو واخ میسٹر (Mr.Nico Waagmeester) نے یکم مارچ 1984ء کو مولانا محمد صدیق شاہد صاحب کا آخری تفصیلی انٹرویو لیا۔ جو جمعۃ المبارک 2 مارچ 1984ء کو ان الفاظ کے ساتھ روزنامہ اخبار De Ware Tijd کی زینت بنا: ''جماعت احمدیہ کے مشنری مولانا محمد صدیق پاکستان واپس جا رہے ہیں۔ وہ 1973ء میں پاکستان سے گیانا آئے تھے اور سرینام کے متعدد دورے کرنے کے بعد 1975ء میں انہوں نے باقاعدہ اس مشن کا چارج لیا اور ان کے آنے سے اس جماعت کے مرکز ایفرام ستجن کی رونقیں بحال ہو گئیں۔ وہ اپنے وطن واپس جاتے ہوئے بہت خوش دکھائی دیتے ہیں، اس لئے کہ انہوں نے یہاں بڑی محنت سے کام کیا اور اس کے خاطر خواہ نتائج بھی برآمد ہوئے اور ایک قلیل جماعت اب ترقی کے راستے پر گامزن ہے اور اپنی پہچان بنا چکی ہے۔ان کے بڑے کارناموں میں ایک نئی بیت الذکر کی تعمیر شامل ہے۔آٹھ سال تک انہوں نے ریڈیو پر چار سو سے زائد تقاریر کیں۔ 1977ء میں وہ اپنی بیٹی کی شادی کے لئے پاکستان گئے تو قبل از وقت ریڈیو پروگرام ریکارڈ کروا کے گئے تا کہ تسلسل قائم رہے۔ ملک میں مذہبی آزادی کے پیش نظر انہوں نے کھل کر اپنے عقیدے کا پرچار کیا، مگر کبھی کسی مذہب کی توہین نہیں کی۔ ہمیشہ دوسرے کی بات کو تحمل سے سنا اور اچھے انداز سے اس کے مذہب کی خامیاں اور اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کیں۔ان کا اصول یہ تھا کہ کسی کے انفرادی عمل کی وجہ سے اس کے مذہب کو برا کہنا درست نہیں۔مولانا حضرت خلیفۃ المسیح کے نمائندے کے طور پر اس ملک میں رہے، اور انہی کے حکم سے واپس جا رہے ہیں مولانا اپنے امام کے ہر حکم کو خوشدلی سے قبول کرتے ہیں اور کسی دنیاوی لالچ یا نقصان کی پروا نہیں کرتے۔ اس جماعت میں تنخواہ اور پنشن کا نظام بھی موجود ہے اور مربیان کی اچھی طرح دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ ہمارے ملک میں دو احمدی جماعتیں ہیں دونوں مرزا غلام احمد کو مانتی ہیں......اس جماعت کا ہیڈ کوارٹر لاہور میں ہے۔ جبکہ احمدیہ جماعت کا ہیڈ کوارٹر ربوہ میں ہے۔دونوں جماعتوں کی علیحدگی 1914ء میں ہوئی تھی''۔

مولانا محمد اشرف اسحٰق صاحب

محترم مولانا محمد صدیق شاہد صاحب کی روانگی کے بعد مولانا محمد اشرف اسحٰق صاحب نے مشن کا چارج سنبھالا۔ ان کے قیام کے دوران ملکی اخبارات میں کثرت سے جماعتی خبریں اور مضامین شائع ہوئے۔ ملک کے مشہور صحافی اور بین المذاہب کونسل سرینام کے صدر (Mr.Nico Waagmeester) مسٹر نیکو واخ میسٹر سے آپ کے دوستانہ تعلقات رہے، جس کی وجہ پاکستان میں جماعت پر ہونے والے مظالم اور جماعتی عقائد اور بانی جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی کے حوالے سے مختلف خبریں اخبار کی زینت بنتی رہیں۔ آپ کے پانچ سالہ قیام کے دوران شائع ہونے والی خبروں کی کل تعداد 25 ہے۔جن میں سے ایک شام کے اخبار De West اور باقی روزنامہ De ware Tijd میں شائع ہوئیں۔ پہلی خبر یوم مسیح موعود کے حوالے سے مورخہ 30 مارچ 1984ء کو روزنامہ De Ware Tijd میں اس سرخی کے ساتھ شائع ہوئی: ''ایک......تہوار مسلمانوں کے علم میں آئے بغیر گزر گیا''۔ اخبار نے لکھا کہ جماعت احمدیہ نے 23 مارچ کو اپنا یوم تاسیس منایا۔حضرت مرزا غلام احمد نے 1889ء میں خدا کے حکم سے

لدھیانہ میں اس جماعت کی بنیاد رکھی۔ اخبار نے حضرت مسیح موعود کا تعارف اور دس شرائط بیعت کا بھی ذکر کیا۔

دسمبر 1984ء میں سرینام کا چھٹا جلسہ سالانہ منعقد ہوا، جس میں محترم مولانا محمد اسلم قریشی صاحب مربی ٹرینیڈاڈ مہمان خصوصی کی حیثیت سے شامل ہوئے۔ روزنامہ De Ware Tijd نے مورخہ 29 دسمبر 1984ء کو جلسہ سالانہ کی خبر مولانا محمد اسلم قریشی صاحب کی تصویر کے ساتھ شائع کی۔ اخبار کی سرخی اس طرح تھی ''تاریکی کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ اپنا پیغمبر مبعوث فرماتا ہے''۔ اس جماعت کا ایک باقاعدہ مربی یہاں کام کر رہا ہے ایک مربی اسلم قریشی صاحب ہمسایہ ملک سے آئے ہیں اور یہ ان کا اس ملک کا پانچواں دورہ ہے۔ ان مقررین کے علاوہ مقامی افراد نے بھی پروگرام میں حصہ لیا۔ 38 ممالک میں ان کی باقاعدہ جماعت قائم ہے اور پانچ سال بعد ان کی جماعت کو ایک صدی پوری ہو جائے گی''۔

مولانا محمد اسلم قریشی

جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے محترم مولانا محمد اسلم قریشی صاحب نے گیانا اور ٹرینیڈاڈ میں خدمات کے دوران مرکزی مہمان کی حیثیت سے سرینام کے پانچ دورے کئے۔ 1984ء کے جلسہ سالانہ میں شمولیت آپ کا اس ملک کا آخری سفر تھا۔ مورخہ 10/اگست 1985ء کی صبح ٹرینیڈاڈ میں بعض حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے آپ کو شہید کر دیا۔ اس وقت آپ کی عمر چھیالیس سال تھی اور آپ کو بائیس سال سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کی توفیق ملی، اور میدان عمل میں شہادت کا عظیم رتبہ پایا۔

یوم مسیح موعود کی خبر کی

مورخہ 25 مارچ 1986ء کو روزنامہ De Ware Tijd کے صفحہ نمبر 3 پر حضرت مسیح موعود کی تصویر کے ساتھ ایک خبر شائع ہوئی۔ جس میں لکھا تھا کہ 23 مارچ 1889ء کو حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود نے جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی۔ اخبار نے چشمہ معرفت میں بیان کردہ ختم نبوت کی تشریح کا حوالہ بھی دیا اور جماعت کی موجودہ ترقیات کی ایک جھلک بھی پیش کی۔

مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب

کا دورہ سرینام

مورخہ 27 ستمبر 1986ء کو محترم مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب مربی سلسلہ امریکہ مرکز کے حکم پر دو ماہ کے دورے پر سرینام تشریف لائے۔ مورخہ 18/اکتوبر کو اخباری نمائندے مسٹر نیکوواخ میسٹر نے مولانا کلیم صاحب کا انٹرویو لیا، یہ انٹرویو آپ کی تصویر کے ساتھ مورخہ 22/اکتوبر کو روزنامہ De Ware Tijd میں شائع ہوا۔ 4 نومبر کو ریڈیو راپار پر مولانا صاحب نے 15 منٹ کی تقریر ریکارڈ کروائی۔ 8 نومبر کو روزنامہ De Ware Tijd میں سیرت اور میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب کا ایک مضمون شائع ہوا۔ 22 نومبر 1986ء کو اسی روزنامہ میں آپ کا مضمون شائع ہوا۔ مورخہ 24 نومبر 1986ء کو تقریباً دو ماہ سرینام میں قیام کے بعد مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب واپس امریکہ تشریف لے گئے اور اسی روز ریڈیو راپار پر آپ کی ریکارڈ شدہ تقریر نشر ہوئی۔

منتخب آیات قرآنی کا ترجمہ

قرآن مجید کی منتخب آیات کا مقامی زبان سرانان ٹونگو (Sranan) میں ترجمہ کا کام ایک کریول (Creole) شخص مسٹر فاندر ہیلز (Mr.Edgar van der Hilst) نے 1987ء کے آخر میں شروع کیا اور چند ماہ میں اس کام کو مکمل کیا اور یہ ترجمہ کتابی صورت میں چھاپنے کے لئے مولانا اشرف صاحب نے 9 فروری 1988ء کو لندن بھجوایا اور صد سالہ جشن تشکر کے بابرکت اور یادگار سال میں شائع ہوا۔ اخبار De Ware Tijd نے 8 جولائی 1989ء کو اس کتاب کی تصویر نمایاں طور پر شائع کی اور لکھا کہ یہ پہلا دینی لٹریچر ہے جو سرانان زبان میں شائع ہوا ہے۔

صد سالہ جوبلی کی تقریبات

1989ء جماعت کی تاریخ میں ایک یادگار سال تھا، جب دنیا بھر میں جماعت کے قیام کے سو سال پورے ہونے کا جشن انتہائی جوش و جذبے اور جماعتی روایات کے مطابق منایا گیا اور مختلف تقریبات اور نمائشوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اس ضمن میں سرینام میں جو نمایاں کام ہوئے وہ درج ذیل ہیں۔

یوم مصلح موعود کے موقعہ پر 18 مارچ 1989ء کو اخبار De Ware Tijd میں پیشگوئی مصلح موعود اور خلافت ثانیہ میں جماعتی ترقی کے حوالے سے ایک مضمون شائع ہوا اور اخبار نے لکھا کہ آپ کے ذریعہ چالیس سے زائد ممالک میں مشنز کا قیام عمل میں آیا۔ نیز صد سالہ جشن تشکر کے انعقاد کا پروگرام اور نمائش کتب کا اعلان بھی شائع ہوا۔

شام کے اخبار De West میں 23 مارچ کو حضرت مسیح موعود کی تصویر اور جشن تشکر کے لوگو کے ساتھ یہ اعلان شائع ہوا کہ آج رات 8 بجے Ephraimszegenweg 67 پر احمدیہ صد سالہ جشن تشکر کے حوالے سے جلسہ منعقد کیا جا رہا ہے۔ تین دفعہ روزنامہ De Ware Tijd میں جشن جوبلی کے انعقاد کا اعلان کروایا گیا اور اس حوالے سے ایک تفصیلی مضمون بھی اسی اخبار میں شائع ہوا۔ مورخہ 16 تا 31 مارچ ٹی وی چینل STVS پر احمدیہ جماعت کے سو سال کی سرخی کے ساتھ جشن تشکر کا لوگو دکھایا جاتا رہا۔

جشن تشکر کے موقعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا خصوصی پیغام مورخہ 24 مارچ کو ریڈیو پر پڑھ کر سنایا گیا۔

مورخہ 23 مارچ کو ایک کامیاب جلسہ اور نمائش کا نعقاد کیا گیا۔ یکم اپریل 1989ء کو اخبار De Ware Tijd نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی تصویر کے ساتھ جماعت کے اس جلسہ کی تفصیلی رپورٹ شائع کی۔ اور خلیفہ وقت کے پر معارف پیغام کا کچھ حصہ بھی شائع کیا۔ مولانا اشرف اسحٰق صاحب نے محترم مولانا حسن بصری صاحب کے ہمراہ وزیر تعلیم Mr.Venetiaan سے ملاقات کی اور انہیں ڈچ ترجمہ والے قرآن مجید کے علاوہ متعدد کتب پیش کیں نیز وزارت تعلیم کی لائبریری اور کلچرل سنٹر سرینام کی لائبریری کو اس یادگار موقعہ کی مناسبت سے چند جماعتی کتب کا تحفہ دیا گیا اس تقریب کی خبر مع تصویر روزنامہ De Ware Tijd میں مورخہ 5/اگست 1989ء کو شائع ہوئی۔

یہ تاریخ احمدیت اور داعیان الی اللہ کا مختصر تذکرہ ہے جو اپنی سرزمین سے ہزاروں میل دور دین حق کی سربلندی کا کام کرنے آئے اور حتی المقدور اپنے فرائض کی بجا آوری میں مصروف رہے۔ ان مربیان کی آمد کی ابتداء سے مولا کریم نے اپنے خاص فضل سے ایسے مواقع پیدا فرمائے کہ مسیح آخر زمان کا پیغام مختلف ذرائع سے اس ملک کے باسیوں تک پہنچایا جائے اور اسی کی دی ہوئی توفیق سے یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

قارئین الفضل سے جماعت سرینام کے نفوس اور اموال میں برکت کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆..................☆..................☆

جبین نیاز

جھکنے والے ہی سرفراز ہوئے
شہرتوں سے جو بے نیاز ہوئے

جھک گئی جب کہیں جبینِ نیاز
جتنے ذرے تھے سب حجاز ہوئے

اشک پلکوں پہ جھلملانے لگے
اور سینوں میں دل گداز ہوئے

پھر وہی تخلیوں میں راز و نیاز
پھر وہی سلسلے دراز ہوئے

ہجر کی رات جاگنے والے
اس کی نظروں میں پاکباز ہوئے

بندگی ہے یا عشق کا اعجاز
جو بھی آنسو گرے نماز ہوئے

ڈاکٹر فضل الرحمٰن بشیر

بقیہ از صفحہ 5: لاہور

مطلوب وتمنا خدمت خلق است کے موضوع پر بصیرت افروز تقریر فرمائی اور اس اجلاس کی صدارت مکرم چوہدری انور حسین صاحب امیر ضلع شیخوپورہ نے کی۔

20۔ اگست۔ اس دن تین بجے دوپہر حضرت مصلح موعود کی 1953 کے جلسہ سالانہ کی تقریر سیر روحانی کی ریکارڈنگ سنائی گئی۔ اس کے ساتھ ہی تقاریر کے پروگرام اختتام پذیر ہوئے روزانہ حاضری 250 تا 300 تک رہی تھی۔

21۔ اگست۔ اختتامی اجلاس۔ بروز اتوار صبح ساڑھے آٹھ بجے جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ صدارت مکرم مہتمم صاحب تجنید خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے کی اور کلاس کے شرکاء خدام میں اسناد تقسیم کیں اور لاہور میں آٹھ روز قیام کیا اور کلاس میں وقتاً فوقتاً تشریف لاتے رہے اور خدام کی حوصلہ افزائی فرماتے رہے اس کے بعد 45 منٹ تک خدام سے اختتامی خطاب بھی فرمایا۔

حاضری۔ اس دوسری خدام الاحمدیہ علاقائی لاہور کی دوسری ہفت روزہ تربیتی کلاس میں لاہور کے علاوہ شیخوپورہ اور گوجرانوالہ سے 63 خدام نے شرکت کی۔ گزشتہ سال کی کلاس سے بیس خدام اس سال زائد شامل ہوئے تھے۔

تیسری کلاس

تیسری سالانہ تربیتی کلاس 23 تا 30 جولائی 1961ء، خدام الاحمدیہ لاہور ڈویژن کے زیر اہتمام تیسری سالانہ تربیتی کلاس گوجرانوالہ میں 23 تا 30 جولائی 1961ء منعقد ہوئی۔ اس کلاس میں مکرم میاں محمد یحیٰی صاحب قائد لاہور شہر کی زیر نگرانی لاہور سے 57 خدام اس کلاس میں شرکت کے لئے گوجرانوالہ جاتے رہے اور آٹھ روزہ اس کلاس کے آخری دن سپیشل بس کے ذریعے کثیر تعداد میں خدام نے شرکت کی اور بزرگان سلسلہ کی تربیتی، علمی تقاریر سے مستفید ہوئے۔

پرانے وقتوں میں اس طرح کی عالمانہ و فاضلانہ تربیتی کلاسز کے نتیجہ ہی میں آج تک لاہور کو وفا شعار، خدمت گزار اور تابعدار کارکنان میسر آتے رہے۔ اللہ کرے ایسا سلسلہ جاری و ساری رہے۔

مکرم منور علی شاہد صاحب

تاریخ لاہور ڈویژنل تربیتی کلاسز

خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے تحت

1959ء، 1960ء، 1961ء

مجلس خدام الاحمدیہ لاہور کو آغاز سے غیر معمولی رنگ میں خدمت دین کی توفیق ملتی رہی اور خلفائے احمدیت کی شفقت اور براہ راست راہنمائی بھی میسر رہی۔ علم عرفان کی محفلیں ہمیشہ لاہور کے احباب جماعت اور خدام کی تربیت اور علمی معیار کو بلند کرنے کا موجب رہی ہیں۔ ابتدائی قائدین مجالس لاہور (ابتداء میں مجلس خدام الاحمدیہ لاہور ہوا کرتی تھی جس کے حلقہ جات ہوا کرتے تھے اور قائد صاحب قائد مجلس لاہور کہلاتے تھے) خود بھی علمی طور پر بہت اعلیٰ معیار رکھتے تھے علاوہ ازیں جماعت کے جید علمائے کرام بھی بکثرت لاہور کی تربیتی کلاسز میں شامل ہو کر اپنے علمی خزائن کی بارش کیا کرتے تھے جو آپ سب کو حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ عالیہ کے روحانی مائدہ سے ہی حاصل ہوتا تھا۔ مکرم محمد یحیٰ صاحب خدام الاحمدیہ لاہور ڈویژن کے قائد رہے ہیں اور ایک لمبا عرصہ تک سیکرٹری تحریک جدید جماعت احمدیہ لاہور کی خدمت کی توفیق پائی۔ آپ حضرت میاں محمد موسیٰ صاحب آف نیلا گنبد، رفیق بانی سلسلہ کے فرزندوں میں سے ایک تھے بہت متین اور سنجیدہ بزرگ تھے۔ عاجز کو ایک لمبا عرصہ ان کی صحبت میں بیٹھنے اور ان کے زمانے کی باتیں سننے کا موقع ملا۔ ان کے ساتھ ملاقات دارالذکر میں یا پھر ان کی دکان نیلا گنبد پر ہوا کرتی تھی کبھی کبھی ملاقات میں مکرم مبارک محمود صاحب پانی پتی اور مکرم صدیق شاکر صاحب بھی شامل ہوتے یہ لاہور کے فدائی بزرگ اپنے دور میں اکٹھے خدام الاحمدیہ میں کام کرتے رہے تھے ان کی گفتگو میں اس دور کی تربیتی کلاسز کی باتیں خاص طور پر زیر گفتگو ہوا کرتی تھیں جس میں حضرت مسیح موعود کے خزائن لوٹائے جاتے تھے اور ان تربیتی کلاسز میں شاملین بھی خوب خوب ان سے فیض یاب ہونے کی کوشش کرتے۔ ماہنامہ خالد اور الفضل کے پرانے شمارے گواہی دیتے ہیں کہ اس دور میں ڈویژنل تربیتی کلاسز کے بعد ضلع لاہور کے طول و عرض مجالس میں مسلسل تربیتی کلاسز جس دور میں منعقد ہوئیں وہ دور مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب کا تھا۔

پہلی کلاس

ہفت روزہ تربیتی کلاس، 12 تا 19 جولائی 1959ء دہلی دروازہ لاہور۔ ان کلاسز کو کامیاب بنانے کے لئے مالی اور سب کمیٹیاں تشکیل دی گئیں تھیں دونوں کمیٹیوں کے نگران مکرم محمد یحیٰ صاحب قائد علاقائی لاہور ڈویژن تھے اس کلاس کے دو پروگرام تیار کئے گئے تھے۔ (1) تدریسی پروگرام صبح آٹھ بجے تا بارہ بجے تک (2) تحریری پروگرام نماز مغرب تا عشاء۔

کلاس کا افتتاح۔ مکرم چوہدری اسداللہ خاں صاحب نے صبح آٹھ بجے کلاس کا افتتاح کیا۔

مکرم امیر صاحب کے خطاب کے بعد مکرم عبداللطیف ستکوہی صاحب نے بزرگان سلسلہ و علماء کے وہ اہم پیغامات پڑھ کر سنائے جو خاص طور پر اس کلاس کے لئے بھجوائے گئے تھے۔ اس کے بعد تدریسی پروگرام شروع کیا گیا جو مسلسل ایک ہفتہ تک جاری رہا اس کی تفصیل درج ذیل رہی۔

صبح آٹھ بجے تا نو بجے: درس قرآن۔ آخری پارہ باترجمہ و نماز مترجم۔ مکرم مولوی عبدالرحمٰن مبشر صاحب۔

صبح نو بجے تا دس بجے: درس انوار الہدیٰ مکرم قریشی محمد نذیر صاحب ملتانی۔

صبح دس تا گیارہ بجے: درس مکرم سعید احمد اظہر صاحب مربی شیخوپورہ۔

صبح گیارہ تا بارہ بجے: دعوت الی اللہ کی ہدایات مکرم قاضی برکت اللہ صاحب ایم اے۔

تدریس کے علاوہ دیگر موضوعات پر بزرگان و علماء کی تقاریر کا بھی انتظام کیا گیا تھا یہ تقاریر روزانہ مغرب کی نماز کے بعد عشاء تک ہوتی تھیں۔

پہلا دن 12 جولائی: مکرم عبداللطیف ستکوہی صاحب نے احمدیت کا نصب العین پر تقریر کی۔ صدارت کے فرائض مکرم شیخ بشیر احمد صاحب جج لاہور ہائی کورٹ نے سرانجام دیئے۔

دوسرا دن 13 جولائی: مکرم مولانا جلال الدین شمس صاحب نے زندہ کتاب کے موضوع پر تقریر کی۔ صدارت کے فرائض چوہدری انور حسین صاحب امیر ضلع شیخوپورہ نے سرانجام دیئے۔

تیسرا دن 14 جولائی: مکرم شیخ عبدالقادر صاحب مربی سلسلہ لاہور نے تعلق باللہ کے ذرائع کے موضوع پر تقریر کی۔ صدر اجلاس مکرم میاں محمد یوسف صاحب نائب امیر لاہور تھے۔

چوتھا دن 15 جولائی: مکرم جسٹس شیخ بشیر احمد صاحب نے قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی کے موضوع پر تقریر کی۔ صدارت کے فرائض مکرم قریشی محمود احمد صاحب ایڈووکیٹ نے سرانجام دیئے۔

پانچواں دن 16 جولائی: مکرم قاضی برکت اللہ صاحب ایم اے نے خدام الاحمدیہ کے فرائض کے موضوع پر تقریر کی، مکرم ڈاکٹر عبیداللہ صاحب صدر اجلاس تھے۔

چھٹا دن 17 جولائی: مکرم مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر نے جو قوم ایک ہاتھ کے اٹھنے پر اٹھے اور ایک ہاتھ کے گرنے سے بیٹھ جائے، دنیا میں عظیم الشان تغیر برپا کر دیتی ہے کے موضوع پر تقریر کی۔ اجلاس کی صدارت کے فرائض۔ مکرم قاضی برکت اللہ صاحب ایم اے نے سرانجام دیئے۔

ساتواں دن 18 جولائی: اس روز تقریری پروگرام کی بجائے مجلس مذاکرہ منعقد کی گئی جس میں خدام کی طرف سے مجلس کی کارکردگی بہتر کرنے اور خدام میں بیداری کی غرض سے مفید اور دلچسپ تجاویز پیش کی گئیں۔

